روحِ اخبار

—— لیگ اقوام نے ایک رپورٹ مرتب کی ہے جس میں اس نے تازہ مردم شماری کی روشنی میں مختلف مذاہب کے پیروؤں کی تعداد بتائی ہے۔ اس رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا بھر کے مسلمانوں کی آبادی ۶۰۳ ملین یعنی ساٹھ کروڑ ۳۲ لاکھ ہے اور یہ آبادی حسب ذیل مقامات پر منقسم ہے۔

مشرقی افریقہ ۹۲ لاکھ ۵۷ ہزار۔ شمالی افریقہ ۴۹ کروڑ ۲ ۴ لاکھ ۸۰ ہزار۔ وسطی اور جنوبی افریقہ ۸۰ ہزار ۹۲ لاکھ۔ مشرقی یورپ ۱۷ لاکھ ۲ ہزار۔ سویٹ روس ایک کروڑ ۳۲ لاکھ ۲۵ ہزار۔ وسطی اور مشرقی ایشیا ۲ کروڑ ۱۲ لاکھ ۲۵ ہزار۔ ہندوستان ۸ کروڑ ۹۱ لاکھ ۱۸ ہزار۔ ملایا ۳۰ لاکھ ۳۴ ہزار ۹۲۔ چین ۴ کروڑ ۹۹ لاکھ۔ جاوا بورنیو اور اس کے قرب وجوار کے ممالک ۹ کروڑ ۵۹ لاکھ ۸۵ ہزار۔ دوسرے ممالک ۱۰ ہزار ۸۰۳۔ مجموعی آبادی ۶۰ کروڑ ۳۳ لاکھ ۲۲ ہزار ۳۲۹۔ مسلمانوں کی آبادی دنیا کی مجموعی آبادی کی تہائی ہے۔ (انقلاب ۹/۱۰ ۴۲ء)

—— گورنمنٹ نے جلیانوالہ باغ امرتسر پر قبضہ کر لیا ہے اور پنجاب کے دیگر مقامات پر مزید عمارتوں پر بھی قبضہ کر لیا گیا ہے گذشتہ ہفتہ بھی پنجاب کے مختلف حصوں میں قریباً ۶۰ عمارتوں پر قبضہ کر لیا تھا۔ (زمزم ۲۳/۱۰ ۴۲ء)

—— بھاگلپور میں جن لوگوں کے پاس ریڈیو سیٹ ہیں ان سب کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنے ریڈیو گورنمنٹ کے پاس جمع کرادیں (〃)

—— کلکتہ کے مشہور و معروف پل کی اہمیت و ضرورت کے پیش نظر اس کی حفاظت کے انتظامات خاص طور پر عمل میں لائے جارہے ہیں۔ پل پر گزرنے والوں کیلئے خاص قسم کی پابندیاں عائد کردی گئی ہیں جن کی رو سے خاص اوقات کے علاوہ آمد و رفت ممنوع ہوگی۔ مویشی وغیرہ کے گزرنے کا انتظام بھی مخصوص ہوگا۔ گزرنے والوں کو پل پر کھڑا ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ لاریوں اور دیگر گاڑیوں کی آمد و رفت یکسر بند کردی گئی ہے (〃)

—— مصر کی مشہور یونیورسٹی "الازہر" کی ہزار سالہ تقریب جو نومبر کو منائی جانے والی تھی غیر معین عرصہ کیلئے ملتوی کردی گئی ہے اس یونیورسٹی میں ہر سال دس ہزار طالب علم تعلیم پاتے ہیں۔ اس میں دنیائے اسلامی کے طلبا شرکت کرتے ہیں حکومت مصر پانچ لاکھ پونڈ کی امداد دیتی ہے طلباء کی رہائش مفت اور کوئی فیس نہیں لی جاتی۔ 〃 (انقلاب جدید ۲۶/۱۰ ۴۲ء)

اللہ تعالیٰ کا صد ہزار شکر و احسان ہے کہ دارالحدیث رحمانیہ سالانہ تعطیل کے بعد پھر اپنی شاندار روایات کے مطابق جاری ہوگیا ہے۔ نئے طلبہ داخل ہو رہے ہیں اور پرانے طلبہ بھی اپنے اپنے وطن سے واپس آرہے ہیں جو ابھی تک نہیں پہنچے ہیں ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ جلد سے جلد مدرسہ پہنچنے کی کوشش کریں۔